B

Sl. No. : 5441

Unique Paper Code : 2144002001

Name of the paper : Common Programme Group (GE)

Semester : I

Name of course : Elementary Urdu

Duration : 3 Hours — Maximum Marks : 90

1۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 15

او دیس سے آنے والے بتا
کیا اب بھی وہاں کے باغوں میں مستانہ ہوائیں آتی ہیں؟
کیا اب بھی وہاں کے پربت پر گھنگھور گھٹائیں چھاتی ہیں؟
کیا اب بھی وہاں کی برکھائیں ویسے ہی دلوں کو بھاتی ہیں؟
او دیس سے آنے والے بتا

او دیس سے آنے والے بتا
شاداب و شگفتہ پھولوں سے معمور ہیں گلزار اب کہ نہیں؟
بازار میں مالن لاتی ہے پھولوں کے گندھے ہار اب کہ نہیں؟
اور شوق سے ٹوٹے پڑتے ہیں نو عمر خریدار اب کہ نہیں؟
او دیس سے آنے والے بتا

(i) باغوں میں کس کے آنے کے بارے میں سوال کیا گیا ہے؟

(ii) پربت پر کس کے چھا جانے کے بارے میں پوچھا گیا ہے؟

(iii) دلوں کو بھا جانے والی کیا چیز ہے؟

(iv) گلزاروں کے کس سے معمور ہونے کے بارے میں سوال کیا گیا ہے؟

(v) مالن بازار میں کیا لاتی تھیں؟

2۔ نیچے لکھے اقتباس کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 15

[illegible] ۔ آنسو پونچھ کر اور دل مضبوط کر کے میز کے سامنے آ بیٹھے، دانت بھینچ لیے، ٹائی کھول دی، آستینیں چڑھا لیں، لیکن کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ کیا کریں؟ سامنے سُرخ، سبز، زرد، سب ہی قِسم کی کتابوں کا انبار لگا تھا، اب ان میں سے کون سی پڑھیں؟ فیصلہ یہ ہوا کہ پہلے سب کتابوں کو ترتیب سے میز پر لگا دیں کہ باقاعدہ مطالعہ کی پہلی منزل یہی ہے۔

(i) یہ پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اور اس کے لکھنے والے کون ہیں؟

(ii) میز کے سامنے بیٹھنے سے پہلے کیا کیا؟

(iii) میز کے سامنے بیٹھنے کے بعد کیا کیا؟

(iv) سامنے کیسی کتابیں پڑی تھیں؟

(v) جب کچھ سمجھ نہ آیا تو کیا فیصلہ ہوا؟

3۔ کسی تین شعر کی تشریح لکھیے۔ 15

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

یہ مسائلِ تصوف، یہ ترا بیان غالبؔ
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں
یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں

بات کی طرز کو دیکھو تو کوئی جادو تھا
پر ملی خاک میں سب سحر بیانی اس کی

4۔ جی آیا صاحب کا خلاصہ لکھیے۔ 15

یا

نظم آوارہ کا مرکزی خیال لکھیے۔

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی چار محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 10

باغ باغ ہونا، بٹہ لگنا، رائی کا پہاڑ بنانا
تکیہ کرنا، جان میں جان آنا، کان پر جوں نہ رینگنا

6۔ مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع لکھیے۔ 10

جذبہ، تقدیر، حکم، مقصد، کرسی، گلی، خاتون، دوا، ملک، شاعر

7۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔ 10

زمین، ثواب، خاص، آباد، صبح، رات، عرش، دوست، حیات، آرام

•••••••